Urdu

# SGLT-2-hæmmere کے ساتھ ٹائپ 2 ذیابیطس کا علاج

## علاج کے متعلق مختصراً

SGLT-2-hæmmere آپ کے خون میں شوگر کو کم کرتے ہیں۔ یہ گردوں کے ذریعے کام کرتے ہیں اور آپ کو اپنے پیشاب میں زیادہ شوگر خارج کرنے کا سبب بنتے ہیں۔

SGLT-2-hæmmere مخفف ہے اور اس کا پورا نام (Sodium-glucose Cotransporter-2 inhibitor) سوڈیم گلوکوزکو ٹرانسپوٹر2- روکنے والا ہے۔

آپ کو اکثر ذیابیطس کے دوسرے علاج کے علاوہ اضافی طور پہ SGLT-2-hæmmere دیے جائیں گے۔ یہ علاج شریانوں- دل کی بیماری، دل کی خرابی اور پیشاب میں البومین - ( انڈے کی سفیدی مائل پروٹین) کے بہت زیادہ اخراج کو سست کر سکتا ہے، جو کہ ذیابیطس میں گردے کی بیماری کی علامت ہے۔

SGLT-2-hæmmere کے ساتھ علاج کا نتجہ شاذ و نادر ہی خون میں نیچی شوگر کی صورت میں ظاہر ہوتا ہے۔ کیونکہ اس علاج کا خون میں شوگر پر کوئی اثر نہیں پڑتا جبکہ یہ معمول کی حد 4 تا 6 ملی مول /فی لیٹر ہو۔

SGLT-2-hæmmere کے ساتھ علاج کے دوران، آپ زیادہ کثرت سے پیشاب کی حاجت کا تجربہ ہو سکتا ہے، خاص طور پر شروع میں۔ آپ اپنے وزن میں 2 تا 3 کلوگرام کمی کی بھی توقع کر سکتے ہیں۔

## SGLT-2-hæmmere کو لینے کا طریقہ

ان گولیوں کو آپ نےضرور دن میں ایک بار لینا ہوگا۔ یہ گولیاں یا تو علیحدہ سے ہی لی جائیں، دوسری گولیوں کے ساتھ ملا کر یا انسولین کے علاج کے ساتھ ملا کر لی جائیں۔

**ممکنہ ذیلی اثرات**

عمومی ذیلی اثرات یہ ہیں:

- مثانے میں انفیکشن
- جنسی اعضاء پر فنگس کی انفیکشن
- شاذو نادر پانی کی کمی ہو سکتی ہے.

اگر آپ کو درجِ ذیل کا تجربہ ہو تو علاج **روک دیں یا وقفہ** کریں:

- بھوک، پیاس میں کمی
- متلی

September, 2023

- قے
- اسہال
- زیادہ  پیاس
- سانس لینے میں دشواری
- پیٹ میں درد
- الجھن

اگر آپ کو کوئی شک ہو تو (SDCC)  ایس ڈی سی سی یا اپنے ڈاکٹر سے رابطہ کریں۔

## توجہ رکھیں

اگر بیک وقت  آپ   کا معالجہ SGLT-2-hæmmere  اور خون میں شوگر  کم کر نے والی دوسری دوائیوں   سے کیا جا رہا ہو تو   آپ کے خون میں شوگر  نیچی ہونے کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔

## رابطہ

اگر آپ کے ذہن سوالات ہوں یا کوئی شک ہو تو، آپ بخوشی تیماری داری کا مشورہ دینے والوں (Sygeplejerådgivningen) سے اوقات کار میں ہر دن  08.00 تا 16.00 بجے  ٹیلی فون نمبر 00 08 68 39 پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

**Steno Diabetes Center Copenhagen**
Borgmester Ib Juuls Vej 83
Herlev 2730